Total No. of Printed Pages : 3]

03U(A)

URDU, Paper -I

First language

(Composite Course)

Parts A and B

Time : 3 hours 15 minutes **Maximum Marks : 60**

ہدایات :

(1) پارٹ A کے جوابات صرف جوابی بیاض پر ہی لکھیں۔

(2) پارٹ B کے جوابات دی گئی قوسین میں لکھ کر اسے جوابی بیاض سے منسلک کریں۔

(3) پارٹ A 40 نشانات اور پارٹ B 20 نشانات پر مشتمل ہے۔

(4) پارٹ A کے لئے 2.30 گھنٹہ، پارٹ B کے لئے 30 منٹ اور 15 منٹ پرچۂ سوالات کے مطالعہ کے لئے دیا گیا ہے۔

Part-A

Time : 2 hours 30 min. **Marks : 40**

I. سمجھنا۔ اظہارِ خیال کرنا

(A) ذیل کے اشعار پڑھ کر سوالات کے جواب لکھئے۔ 5×1=5

کلی پہ بیلے کی کس ادا سے پڑا ہے شبنم کا ایک موتی
نہیں یہ ہیرے کی کیل پہنے کوئی پری مسکرا رہی ہے
شلوکا پہنے ہوئے گلابی ہر اک سبک پنکھڑی چمن میں
رنگی ہوئی سرخ اوڑھنی کا ہوا میں پلّو سُکھا رہی ہے

(1) یہ اشعار کس نظم کا حصّہ ہیں؟

(2) ان اشعار کو لکھنے والے شاعر کون ہیں ؟

(3) بیلے کی کلی پر کیا پڑا ہوا ہے ؟

(4) شاعر نے 'ہیرے کی کیل' کس کو کہا ہے ؟

(5) گلابی شلوکا کون پہنے ہوئے ہے ؟

(B) ذیل کی عبارت پڑھئے اور پانچ سوالات تیار کیجئے۔ **5×1=5**

(6 تا 10 اعداد کا استعمال سوالات بنانے کے لئے کریں)

شوکتؔ تھانوی کا نام محمد عمر تھا شوکتؔ ان کا تخلص تھا۔ وہ 2 فروری 1904ء کو بندرابن میں پیدا ہوئے، جہاں ان کے والد صدیق احمد کوتوال تھے۔ آبائی وطن تھانہ مظفر نگر تھا اس لئے اپنے نام کے ساتھ تھانوی لگانے لگے، ان کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی وظیفے پر سبکدوش ہونے کے بعد ان کے والد نے بھوپال میں کچھ عرصہ ملازمت کی اس کے بعد لکھنؤ چلے گئے۔

II. اظہار مافی الضمیر۔ تخلیقی صلاحیت کا اظہار

(A) ذیل کے سوالات میں سے کسی پانچ کے جواب لکھئے۔ **5×2=10**

(11) اللہ کی ذات واحد ہی عبادت کے لائق کیوں ہے ؟

(12) شاعر کیفیؔ اعظمی نے عورت کو "فردوس تمدن" کی بہار کیوں کہا ہے ؟

(13) اللہ کے نیک بندے کیسے ہوتے ہیں ؟

(14) جہانگیر علی نے محمد قلی قطب شاہ کو کس سواری میں بٹھا کر حیدر آباد کی سیر کرائی ؟

(15) عبدالکلام کی زندگی سے ہمیں کیا نصیحت ملتی ہے ؟

(16) آج یہ ملک کن حالات سے دوچار ہے ؟

(17) ڈاکٹر ذاکر حسین کے نزدیک کونسا کام آسان اور کونسا کام مشکل ہے ؟

(B) ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جواب لکھئے۔ **5×2=10**

(18) خواجہ الطاف حسین حالی نے "نعت" میں حضور اکرم ﷺ کے کونسے خصائل حمیدہ کو بیان کیا ہے ؟ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(19) شہر میں آکر بسنے والا شخص گاؤں کی کن کن چیزوں سے محروم ہو جاتا ہے ؟

(20) درج ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے۔

(الف) وہ ابر دُرِ فشاں ہے چمن میں کمال کے
عاشق نہال کیوں نہ ہو عاشق نہال کے

(ب) جان تم پر نثار کرتا ہوں
مین نہیں جانتا دعا کیا ہے

(ج) تو فلاطوں و ۔ارسطو ہے تو زہرا پروین
تیرے قبضہ میں ہے گردوں تری ٹھوکر میں زمین

(C) حسب ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے۔ **1×10=10**

(21) اپنے والد یا دوست کو خط لکھئے اور بتائیے کہ آپ نے کن کن تاریخی مقامات کی سیر کی ہے ؟

(22) شجر کاری کے کیا فوائد ہیں ؟ تفصیل سے لکھئے۔

03U(B)

URDU, Paper -I

First language

(Composite Course)

Parts A and B

Time : 3 hours 15 min. **Maximum Marks : 60**

Part-B

Time : 30 minutes **Marks : 20**

III. زبان شناسی

ذیل کے جملوں کو پڑھ کر موزوں الفاظ کا انتخاب کر کے علامت A, B, C, D کو قوسین میں لکھئے۔

(1) لفظ "خام" کے معنی ہیں۔ [ ]

(A) مفید (B) کچا

(C) پکا (D) کار آمد

(2) لفظ "غریب" کی جمع ہے۔ [ ]

(A) غرباء (B) فقراء

(C) امراء (D) وزراء

(3) علم عروض ایک مشہور فن ہے جس سے معلوم کیا جاتا ہے۔ [ ]

(A) حروف کا وزن (B) شاعر کا وزن

(C) اشعار کا وزن (D) ترکاری کا وزن

(4) سعیدہ روتے روتے سو گئی۔ لفظ "روتے روتے" مثال ہے۔ [ ]

(A) ترکیب اضافی (B) مرکب توصیفی

(C) مرکب اضافی (D) تکرار لفظی

(5) چاند کی روشنی ٹھنڈی ہے۔ لفظ "چاند" کا مترادف ہے۔ [ ]

(A) فلک (B) سورج

(C) زمین (D) قمر

(6) لفظ "مصیبت زدہ" مثال ہے۔ [ ]

(A) سابقہ (B) لاحقہ

(C) مبالغہ (D) کنایہ

(7) مختصر ٹھہراؤ کے لئے استعمال کی جانے والی علامت کہلاتی ہے۔ [ ]

(A) واوین (B) قوسین

(C) سکتہ (D) خط فاصل

(8) ردیف سے پہلے آنے والے ہم وزن الفاظ کو کہتے ہیں۔ [ ]

(A) قافیہ (B) تخلص

(C) لاحقہ (D) سابقہ

(9) لفظ "یوم الجمعہ" مثال ہے۔ [ ]

(A) حروف شمسی (B) حروف قمری

(C) مبالغہ (D) کنایہ

(10) علم بیان کی قسمیں ہیں۔ [ ]

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

(11) آخرت کی فکر کرو۔ لفظ "فکر" کی جمع ہے۔ [ ]

(A) اخبار (B) اخیار

(C) افکور (D) افکار

(12) لفظ "عروس فطرت" مثال ہے۔ [ ]

(A) مفرد لفظ (B) مرکب لفظ

(C) سادہ الفاظ (D) حروف علت

(13) غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں۔ [ ]

(A) مطلع (B) حسن مطلع

(C) مقطع (D) قافیہ

(14) ہر کسی کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ لفظ "موت" کی ضد ہے۔ [ ]

(A) غلامی (B) زندگی

(C) بندگی (D) شرمندگی

(15) اصطلاح عروض میں چار یا پانچ حرفی لفظ کہلاتا ہے۔ [ ]

(A) وتد (B) سبب

(C) فاصلہ (D) مبالغہ

(16) کلام مین حقیقی معنی چھوڑ کر مرادی معنی لینا کہلاتا ہے۔ [ ]

(A) تشبیہہ (B) کنایہ

(C) سابقہ (D) لاحقہ

(17) مساجد کا احترام کرو۔ لفظ "مساجد" کا واحد ہے۔ [ ]

(A) مندر (B) گرجا

(C) مسجد (D) منور

(18) لفظ "صبح و شام" اس کی مثال ہے۔ [ ]

(A) سابقہ (B) لاحقہ

(C) تشبیہہ (D) متضاد

(19) کسی کی تعریف یا تذلیل میں بڑھا چڑھا کر پیش کرنا کہلاتا ہے۔ [ ]

(A) ایہام (B) مبالغہ

(C) تجنیس (D) حسن تعلیل

(20) لکڑیاں گیلی ہیں۔ لفظ گیلے کی ضد ہے۔ [ ]

(A) روکھے (B) سوکھے

(C) پہلے (D) جلے